SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

April 8, 2021

## ایس ای سی پی نے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز میں ترامیم تجویز کر دیں، مسودہ جاری

اسلام آباد (اپریل 8) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ریگولیشنز، 2015 میں اہم ترمیم تجویز کر دیں ہیں۔ ترامیم کو مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے کمیشن کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

ریٹ ریگولیشنز میں ترامیم کا مقصد پاکستان میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو جدید تقاضوں سے ہمکنار کرتے ہوئے مزید سہولتیں، ریٹ کمپنیوں کے استعداد کار میں اضافہ اور آسانی فراہم کر کے اس شعبے میں سرمایہ کاری کو متحرک کرنا ہے۔ ترامیم کے ذریعے روایتی رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے ماڈل میں جدت لانے کی کوشش کی گئی ہے اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بھی راسکیمیں شروع کرنے کے لئے ریٹ ماڈل فراہم کیا گیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد چودہ روز تک اپنی آراء سے کمیشن کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی کی جانب سے آن لائن سیمینار بھی منعقد کیا جائے گا۔ امید ہے ان ترامیم سے رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ کے شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔